ALLAMA IQBAL OPEN UNIVERSITY, ISLAMABAD
(Department of Computer Science)

وارننگ

عزیز طلبہ !آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ :

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفیکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری " Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

مشقیں جمع کرانے کا اوقات نامہ

6 کریڈٹ آورز کورس	مقررہ تاریخ	3 کریڈٹ آورز کورس	مقررہ تاریخ
مشق نمبر 1	10-06-2026	--	--
مشق نمبر 2	06-07-2026	مشق نمبر 1	06-07-2026
مشق نمبر 3	31-07-2026	--	--
مشق نمبر 4	20-08-2026	مشق نمبر 2	20-08-2026
نوٹ: ٹیوٹوریل شیڈول (رہنمائے طلبہ) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر موجود ہے			

کورس: آئی۔ٹی بیسیکس (260) سمسٹر: بہار، 2026

سطح: میٹرک

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

(ہدایات برائے میٹرک، ایف اے، بی اے پروگرامز)

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

4- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

5- غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کل نمبر:100 **کامیابی کے نمبر:40**

امتحانی مشق نمبر1

(تمام سوالات کے نمبر برابر ہیں۔)

سوال نمبر1 : کمپیوٹر کی ارتقائی تاریخ کا تنقیدی جائزہ لیں۔ میکینیکل کمپیوٹنگ ڈیوائسز سے لے کر الیکٹرانک ڈیجیٹل کمپیوٹرز تک کے سفر میں پیش آنے والی تکنیکی مشکلات اور ان کے حل کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر2 : کمپیوٹر کی مختلف نسلوں کا تقابلی تجزیہ کریں۔ ہر نسل میں استعمال ہونے والی ٹیکنالوجی نے کمپیوٹر کی رفتار، جسامت، توانائی کے استعمال اور اعتماد (Reliability) پر کیا اثر ڈالا؟ تفصیل سے بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر3 : کمپیوٹر کی درجہ بندی مختلف بنیادوں پر کی جاتی ہے۔ وضاحت کریں کہ سائز، مقصد اور ڈیٹا پروسیسنگ کی بنیاد پر کی گئی درجہ بندی کمپیوٹر کے عملی استعمال کو کیسے متاثر کرتی ہے۔ (20)

سوال نمبر4 : کمپیوٹر آرگنائزیشن اور کمپیوٹر آرکیٹیکچر میں فرق واضح کریں۔ CPU، بسز، میموری اور مدر بورڈ کے باہمی ربط کا تجزیہ کریں اور بتائیں کہ یہ کارکردگی (Performance) کو کیسے بہتر بناتے ہیں۔ (20)

سوال نمبر5 ڈیسک ٹاپ اشاعت یا پبلشنگ پروگرام(Desktop Publishing Program) کی خصوصیات کو تفصیل سے بیان کریں۔ (20)

کل نمبر:100 **کامیابی کے نمبر:40**

امتحانی مشق نمبر2

(تمام سوالات کے نمبر برابر ہیں۔)

سوال نمبر1 : ان پٹ اور آؤٹ پٹ ڈیوائسز کمپیوٹر اور صارف کے درمیان رابطہ فراہم کرتی ہیں۔ مختلف ان پٹ اور آؤٹ پٹ ڈیوائسز کے انتخاب میں رفتار، درستگی اور لاگت کے عوامل کا تجزیہ کریں۔ (20)

سوال نمبر2 : سسٹم سافٹ ویئر اور ایپلیکیشن سافٹ ویئر کے باہمی تعلق کی وضاحت کریں۔ تجزیہ کریں کہ اگر آپریٹنگ سسٹم موجود نہ ہو تو ایپلیکیشن سافٹ ویئر کیوں قابل استعمال نہیں رہتا۔ (20)

سوال نمبر3 : ڈیٹا کمیونیکیشن میں اینالاگ اور ڈیجیٹل سگنلز کے استعمال کا تجزیہ کریں۔ مختلف ٹرانسمیشن میڈیا میں شور(Noise)، بینڈوڈتھ اور یہ ڈیٹا کی ترسیل کو کیسے متاثر کرتا ہے؟ (20)

سوال نمبر4 : کمپیوٹر نیٹ ورکس کے استعمال نے معاشرتی اور تعلیمی نظام کو کیسے تبدیل کیا؟ LAN، MAN اور WAN کے فوائد اور حدود کا تنقیدی جائزہ لیں اور مناسب مثالیں دیں۔ (20)

سوال نمبر5 : سائبر کرائم اور میلویئر جدید معاشرے کے لیے ایک سنجیدہ خطرہ ہیں۔ مختلف اقسام کے سائبر جرائم اور نقصان دہ سافٹ ویئر کا تجزیہ کریں اور وضاحت کریں کہ جدید آتھنٹیکیشن طریقے کمپیوٹر سسٹمز کے تحفظ میں کیسے مدد دیتے ہیں۔ (20)